© rasailojaraid.com



سے ۲۰ر رمضان المبارک تک رہی۔ مفتی صاحب یہاں سے ۱۹ر ستمبر کو روانہ ہوئے اور ۱۴ر اکتوبر کو بخیریت و عافیت واپس آگئے۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔ اس درمیان میں پانچ روز مدینہ منورہ میں قیام رہا، بقیہ ایام مکہ مکرمہ میں بسر ہوئے، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، کانفرنس کا مقصد مساجد کی از سرِ نو ایسی تنظیم کرنا ہے کہ اسلام کے قرنِ اول میں مساجد کے جو مقاصد تھے وہ باحسنِ وجوہ پورے ہوں، اس اعتبار سے یہ کانفرنس اپنی نوعیت کی پہلی کانفرنس تھی جو بہمہ وجوہ کامیاب رہی۔

---


# حیاتِ مولانا عبدالحیؒ

مؤلفہ: جناب مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحب

سابق ناظم ندوۃ العلماء جناب مولانا حکیم عبدالحی حسنی صاحبؒ کے سوانح حیات علمی و دینی کمالات و خدمات کا تذکرہ اور ان کی عربی و اردو تصانیف پر تبصرہ آخر میں مولانا کے فرزند اکبر جناب مولانا حکیم سید عبدالعلیؒ کے مختصر حالات بیان کئے گئے ہیں۔

کتابت و طباعت معیاری، تقطیع متوسط $\frac{20 \times 26}{8}$

قیمت ۱۲/۵۰ بلا جلد

ندوۃ المصنفین، اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶




© rasailojaraid.com